سوال

(221) کیا تعدد زوجات کی صورت میں عدل وانصاف شرط ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تعدادزواج کےلئے کیا حکم ہے ،اگر یہ جائز ہے تو کیا عدل وانصاف شرط ہے ؟کیا یہ بھی عدل وانصاف کا حصہ ہے کہ مباشرت کرنے اور شب بسری کرنے میں بھی مساوات ہو؟جو شخص عدل وانصاف تو کرسکتا ہو لیکن تعدادزواج سے اس کا مقصود فخر ومباہات ہو تو اس کے لئے کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تعدادزواج اس شخص کےلئے سنت ہے ،جس میں اس کی طاقت ہو اور اس سے اس کا مقصود عفت وپاکبازی ، غض بصر ،تکثیر نسل اور امت کی حوصلہ افزائی ہو تاکہ امت اس حلال طریقے کو اختیار کرکے حرام سے بچ سکے اور امت مسلمہ کثرت کے اسباب کو اختیار کرسکے تاکہ دنیا میں اللہ تعالی کی عبادت کرنے والوں کی کثرت ہو یا اس طرح کے دیگر نیک مقاصد پیش نظر ہوں تو پھر تعدادزواج سنت ہے اور اس کی دلیل حسب ذیل ارشاد باری تعالی ہے :

وَإِن خِفتُم أَلّا تُقسِطوا فِى اليَتـٰمىٰ فَانكِحوا ما طابَ لَكُم مِنَ النِّساءِ مَثنىٰ وَثُلـٰثَ وَرُ‌بـٰعَ فَإِن خِفتُم أَلّا تَعدِلوا فَوٰحِدَةً أَو ما مَلَكَت أَيمـٰنُكُم ذٰلِكَ أَدنىٰ أَلّا تَعولوا ﴿٣﴾... سورة النساء

''اور اگر تمہیں اس بات کا خوف ہو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کرسکو گے تو ان کے سوا جو عورتیں تم کو پسند ہوں دو دو یا تین تین یا چار چار ان سے نکاح کرلو اور اگر اس بات کا اندیشہ ہو کہ (سب عورتوں سے) یکساں سلوک نہ کرسکو گے تو ایک عورت (کافی ہے) یا لونڈی جس کے تم مالک ہو اس سے تم بے انصافی سے بچ جاؤ گے ۔''

اور فرمایا :

لَقَد كانَ لَكُم فى رَ‌سولِ اللَّهِ أُسوَةٌ حَسَنَةٌ... ﴿٢١﴾... سورة الاحزاب

''یقینا تمہارے لئے رسول اللہ (ﷺ) کی ذات میں بہترین (عمدہ) نمونہ موجود ہے ۔''

نبی ﷺ کے حبالہ عقد کئی ازواج مطہرات تھیں ،آپؐ ان میں عدل وانصاف فرمایا کرتے تھے اور پھر اس کے ساتھ یہ دعا بھی فرماتے کہ :

«اللهم حزا قسمي فيما املك فلا تلمني فيما تملك ولا املك»

‘‘اے اللہ! یہ میری وہ تقسیم ہے جس کا میں مالک ہوں اور اس میں مجھے ملامت نہ کرنا جس کا تو مالک ہے مگر میں مالک نہیں ہوں۔’’

اس حدیث کو اہل سنن نے باسناد صحیح روایت کیا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ انسان کے لئے ان امور میں عدل وانصاف واجب ہے جو اس کے اختیار میں ہیں مثلاً خرچ کرنا اور شب بسر کرنا وغیرہ لیکن محبت اور مباشرت وغیرہ ایسے امور ہیں جو انسان کے مقدور میں نہیں ہیں۔ مسلمان بیک وقت چار سے زیادہ عورتوں کو اپنے نکاح میں نہیں رکھ سکتا جیسا کہ اس سلسلہ میں وارد صحیح سنت سے ثابت ہے جس سے اس آیت کریمہ کی تفسیر بھی ہو جاتی ہے

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[مقالات وفتاویٰ]

ص342

محدث فتویٰ